


# 5 چھوٹو کا گھر

4312CH05







تصویروں میں چھوٹو کی کہانی بتائی گئی ہے۔ غور سے دیکھ کر بتاؤ۔

- چھوٹو نے پائپ کو دیکھ کر کیا سوچا؟
- چھوٹو نے پائپ کا کس طرح سے استعمال کیا؟
- چھوٹو نے پائپ اور آس پاس کی جگہ کو کن کن حصوں میں بانٹا؟
- چھوٹو کو اس گھر کے کس حصے میں زیادہ وقت گزارنا پسند ہوگا؟
- آپ کے خیال میں چھوٹو نے مونو کو بھی پائپ میں رہنے کو کیوں کہا ہوگا؟

مکان کب گھر بن جاتا ہے، اس پر تبادلۂ خیال سے 'مکان' اور 'گھر' کے فرق کو واضح کرنے میں مدد ملے گی۔

اپنے گھر کی تصویر کاپی میں بناؤ اور اس میں رنگ بھرو۔

* تمھارے گھر میں تمھارے ساتھ کون کون لوگ رہتے ہیں؟

___________ ___________ ___________ ___________

___________ ___________ ___________ ___________

* چھوٹو نے پائپ کو الگ الگ حصّوں میں بانٹا۔ تم بھی اپنے گھر کے الگ الگ حصّوں کے نام لکھو۔

___________ ___________ ___________ ___________

___________ ___________ ___________ ___________



* ایک دن میں تم گھر کے کس حصّے میں کتنا وقت گزارتے ہو؟
* کیا گھر کا کوئی ایسا حصّہ ہے، جہاں گھر کا کوئی خاص فرد زیادہ وقت گزارتا ہے؟
* کیا گھر کا کوئی ایسا بھی حصّہ ہے، جس میں گھر کا کوئی خاص فرد جاتا ہی نہیں ہے، یا بہت کم جاتا ہے؟

اپنے گھروں میں ہم لوگ تو رہتے ہی ہیں لیکن ہمارے ساتھ ساتھ کچھ جانور بھی رہتے ہیں۔ کچھ ہماری مرضی سے کچھ بن بلائے مہمان کی طرح۔

بچوں سے ان کے گھر کے بارے میں بہت حساس طریقے اور ہمدردی سے گفتگو کرنے کی ضرورت ہے۔ گھر مختلف طرح کے ہوتے ہیں۔ اس بات کو ذہن میں رکھتے ہوئے سبق میں کمروں کے بجائے، 'گھر کے حصّوں' کا استعمال کیا گیا ہے۔ گھر کے مختلف حصّوں میں گھر کے لوگوں کا جانا یا نہ جانا ان کے گھر کے طور طریقے اور جنسی تعصّبات کو ظاہر کرتا ہے۔

© NCERT not to be republished

# گھر پیارا


سدا یہی تو کہتی ہو ماں
گھر یہ صرف ہمارا اپنا!
لیکن ماں کیسے میں مانوں
گھر تو یہ کتنوں کا اپنا!




دیکھو تو کیسے یہ چوہے
کھیل رہے ہیں پکڑم پکڑی!
کیسے مچھر ٹہل رہے ہیں
کیسے مست پڑی ہے مکڑی!



اور چھپکلی کو تو دیکھو
چلتی ہے جو گشت لگاتی!
ارے قطاریں باندھے باندھے
کہاں چینٹیاں دوڑی جاتیں!



اور اِدھر آنگن میں دیکھو
پنچھی کیسے جھپٹ رہے ہیں
بالکل باجی اور میں جیسے
کسی بات پر جھگڑ رہے ہیں



اسی لئے تو کہتا ہوں ماں
گھر نہ سمجھو صرف ہمارا
سدا سدا سے جو بھی رہتا
سب کا ہی ہے یہ گھر پیارا

بچہ ٹولی (بھارت گیان وگیان سمیتی)
ہندی سے ترجمہ

کیا تم جانتے ہو؟
دیکھنے کی صلاحیت کم ہوتی ہے
لیکن سونگھنے، چھونے اور
ذائقہ والی صلاحیت بہت ہی
تیز ہوتی ہے۔

© NCERT not to be republished



* ایسے دو جانوروں کی تصویریں بناؤ جو بن بلائے مہمان کی طرح ہمارے گھر میں رہتے ہیں۔ تصویر کے نیچے ان کا نام بھی لکھو۔

* تم اپنے گھر کو کیسے صاف رکھتے ہو؟



* تمہارے گھر میں صفائی کا کام کون کون کرتے ہیں؟
* تم گھر کا کوڑا کچرا کہاں ڈالتے ہو؟
* کیا تمہارے گھر کے آس پاس صفائی رہتی ہے؟

© NCERT not to be republished



دیکھو، لتا کا گھر کس خوبصورتی سے سجا ہوا ہے۔

کیا تم اپنے گھر کو کسی خاص طرح سے سجاتے ہو؟ کب کب اور کیسے سجاتے ہو؟

اپنے ساتھیوں سے معلوم کرو کہ وہ اپنے گھر کو کب اور کیسے سجاتے ہیں؟

تم اپنے گھر کو کن کن چیزوں سے سجاتے ہو؟ اُن کے نام لکھو۔

سبق میں ہر ایک بچے سے مختلف تقریبات کے موقع پر اس کے گھر کی سجاوٹ کے بارے میں پوچھا گیا ہے۔ بچوں سے مختلف موقعوں پر گھر سجانے کے طریقوں کے بارے میں پوچھنے سے یہ بات سامنے آتی ہے کہ مختلف تہواروں میں مقامی سطح پر تیار کی جانے والی اشیا کا استعمال ہم کس طرح سے کرتے ہیں۔



2019-20

© NCERT not to be republished